## سندھ اسمبلی کے سابق ڈپٹی اسپیکر باری جیلانی کی علالت پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار تشویش

## کارکنان اور حق پرست عوام باری جیلانی کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔22جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھ اسمبلی کے سابق ڈپٹی اسپیکر باری جیلانی کی علالت پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ باری جیلانی کو صحت کاملہ عطا فرمائے اور ان کی عمر دراز کرے۔ جناب الطاف حسین نے کارکنوں اور حق پرست عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ باری جیلانی کی صحتیابی کیلئے اللہ کے حضور دعا کریں۔

## شاہ فیصل کالونی میں منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کی کوسٹر پر فائرنگ سے ایم کیو ایم کے ہمدرد عاطف پرویز شہید

## نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کے ذمہ داران کی شرکت

## جرائم پیشہ عناصر کے تصادم کے نتیجے میں عاطف پرویز کی شہادت کا نوٹس لیا جائے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

کراچی۔۔۔22،جنوری2010ء

بدھ کو شاہ فیصل کالونی نمبر5 میں منشیات فروشوں اور لینڈ مافیا کے جرائم پیشہ مسلح دہشت گردوں کی جانب سے کوسٹر پر اندھا دھند فائرنگ سے متحدہ قومی موومنٹ ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے ہمدرد 20 سالہ عاطف پرویز گولی لگنے سے شہید ہوگئے۔عاطف پرویز کورنگی میں اپنی نوکری سے گھر واپس آرہے تھے کہ شاہ فیصل کالونی نمبر5 میں منشیات فروشوں اور لینڈ مافیا کے جرائم پیشہ افراد کے درمیان خوفناک تصادم میں مسلح دہشت گردوں کی جانب سے کوسٹر پر اندھا دھند فائرنگ کی گئی جس کے نتیجے میں دو افراد شدید زخمی جبکہ فائرنگ کی زد میں آکر عاطف پرویز موقع پر ہی شہید ہوگئے۔عاطف پرویز کا شمار ایم کیو ایم کے ہمدردوں میں ہوتا تھا جو پہلے ملیر اور پھر فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 153 میں منتقل ہوگئے تھے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیو ایم ملیر سیکٹر اور فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے ارکان شہید کی رہائشگاہ پہنچ گئے۔بعد ازیں عاطف پرویز شہید کو یٰسین آباد قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا،ان کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر مسجد الفاروق بھنگوریہ ٹاؤن عزیز آباد میں ادا کی گئی،نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ناظمین، یوسی ناظمین،کونسلر،کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،فیڈرل بی ایریا اور ملیر سیکٹر کمیٹی کے ارکان،یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے منشیات فروشوں اور لینڈ مافیا کے جرائم پیشہ دہشت گردوں کی کوسٹر پر اندھا دھند فائرنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس کے نتیجے میں عاطف پرویز کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ منشیات فروشوں اور لینڈ مافیا کے جرائم پیشہ افراد کو شہر کا امن ایک آنکھ نہیں بھارہا لہٰذا وہ دہشت گردی کی کارروائیاں کرکے نہ صرف شہر کا امن تباہ کررہے ہیں بلکہ ایم کیو ایم کے کارکنان اور ہمدرد عوام کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بناتے رہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم کے ہمدرد عاطف پرویز کی شہادت کا واقعہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علیشاہ،صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا اور پولیس وانتظامیہ کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شاہ فیصل کالونی جرائم پیشہ عناصر کے درمیان تصادم اور عاطف پرویز کی شہادت کا نوٹس لیا جائے اور ذمہ داران افراد چاہیے وہ کتنے ہی بااثر کیوں نہ ہوں کارروائی کی جائے۔

## ایم کیو ایم کے سوگواران کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 115 کے کارکن عمران عبدالقادر کے والد عبدالقادر،ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن صادق مقصود کے والد محمد مقصود خان،ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن محمد اکبر کی والدہ حبیب النساء اور ایم کیو ایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کنٹونمنٹ بورڈ یونٹ کے کارکن حبیب اللہ کے والد نور محمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور سوگوران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن میں ایم کیو ایم کی حمایت یافتہ یونین کی کامیابی پر رابطہ کمیٹی کی مبارکباد

## ریفرنڈم میں متحدہ قومی موومنٹ کی حمایت یافتہ یونین کی کامیابی حق پرست محنت کشوں کی فتح ہے

## فاتح یونین کے عہدیداران کے وفد کی شعیب بخاری اور لیبر ڈویژن سے ملاقات

کراچی۔۔۔22،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن سی بی اے یونین کیلئے ہونے والے ریفرنڈم میں ایم کیو ایم کی حمایت یافتہ یونین ورک مین یونین انتخابی نشان ’’پھول‘‘ کی کامیابی پر ملک بھر میں موجود یونین کے صدر راجہ پرویز اختر، چیف آرگنائزر محمد اشرف خان، چیئرمین ملک آصف حیات، جنرل سیکریٹری عارف الدین سمیت کامیاب یونین کے تمام عہدیداران، کارکنان اور ہمدردوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے اور کہا کہ ریفرنڈم میں متحدہ قومی موومنٹ کی حمایت یافتہ یونین کی کامیابی حق پرست محنت کشوں کی فتح ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ورک مین یونین کے عہدیداران قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر عمل پیرا ہوکر تمام محنت کشوں کی بلاتفریق، رنگ ونسل ،زبان ومذہب خدمت کو اپنا شعار بنائے گی اور قائد تحریک الطاف حسین کے پیغام کو عام لوگوں تک پہنچائے گی۔دریں اثناء ہاؤس بلڈنگ فنانس کی فاتح یونین کے نومنتخب عہدیداران چیئرمین ملک آصف حیات اور جنرل سیکریٹری عارف الدین کی سربراہی میں وفد نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اورحق پرست صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری، ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی واراکین سے ملاقات کی اوران سے تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر سید شعیب احمد بخاری نے فاتح یونین کے عہدیداران کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد دی اورامید ظاہر کی کہ یونین کے عہدیداران اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری سے انجام دیتے ہوئے ادارے کی ترقی ،محنت کشوں کے مسائل کے حل اور خوشحالی کیلئے کام کرتے رہیں گے ۔انہوں نے کہا کہ غریبوں کی خدمت اوران کی پریشانیوں کا خاتمہ قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات کا حصہ ہے جس پر ایم کیو ایم پوری طرح عمل پیرا ہے۔اس موقع پر فاتح یونین کے عہدیداران نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ محنت کشوں کی بے لوث خدمت کو اپنا شعار بنائیں گے اور قائد تحریک الطاف حسین کے پیغام حق پرستی کو ملک بھر میں عام کریں گے۔

☆☆☆☆☆